بسم اللہ الرحمن الرحیم

51 واں **جلسہ سالانہ سیرالیون** 3 **تا** 5 **فروری** 2012ء

صدر مملکت سیرالیون، 11 وزراء مملکت، 3 نائب وزراء مملکت، 13 ممبران پارلیمنٹ، **33** پیراماؤنٹ چیفس اور نمائندگان، **29** چیفڈم سپیکرز اور سیکشن چیفس، **16** قبائلی سردار ویسٹرن ایریا، اعلیٰ حکومتی عہدیداران، جماعت احمدیہ لائبیریا اور گنی کناکری کے وفود اور متعدد غیر از جماعت آئمہ کی شرکت۔

14,859 کل حاضری — **523** جماعتوں کی شمولیت

4,891 سے زائد نومبائعین کی شمولیت — **1,213** سے زائد غیر از جماعت دوستوں کی شمولیت

75 بیعتیں

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جماعت احمدیہ سیرالیون کا جلسہ سالانہ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ امسال حضور انور ایدہ اللہ نے ازراہ شفقت **مکرم ڈاکٹر امتیاز احمد چوہدری صاحب آف امریکہ** کو مرکزی مہمان کے طور پر سیرالیون بھجوایا۔ جنھیں سیرالیون میں 5 سال بوآجے بو احمدیہ ہسپتال میں بطور ڈاکٹر خدمات کی توفیق ملی۔ آپ نصرت جہاں سکیم کے تحت افریقہ میں بھجوائے جانے والے ڈاکٹرز کی پہلی ٹیم میں شامل تھے۔ آنمکرم 1971ء میں سیرالیون پہنچے اور بوآجے بو میں نیا احمدیہ ہسپتال شروع کیا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی تائید و نصرت فرمائی اور کامیابیوں سے نوازا۔ آپ کی آمد سے جلسہ میں ایک خاص رونق اور جوش پیدا ہوا۔ احباب جماعت سیرالیون آپ کو اپنے درمیان دیکھ کر اور مل کر بہت خوش تھے اور حضور انور کی اس شفقت پر بے حد شکر گزار تھے۔

امسال صدر مملکت سیرالیون نے ہماری دعوت کو قبول کیا اور 11 وزراء مملکت، 3 نائب وزراء مملکت کے ساتھ جلسہ سالانہ کے پہلے دن پہلے اجلاس میں تشریف لائے۔ اسی طرح بہت سی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

جلسہ کے اس پہلے اجلاس میں صدر مملکت، منسٹر آف سوشل ویلفیئر اینڈ ریلیجئس افیئرز، منسٹر آف منرل اینڈ نیچرل ریسورسز، منسٹر آف ہاؤسنگ اینڈ ورکس،، منسٹر آف مارین ریسورسز، منسٹر آف پولیٹیکل اینڈ پبلک افیئرز، ڈپٹی منسٹر آف پولیٹیکل اینڈ پبلک افیئر، منسٹر آف ٹرانسپورٹ ٹوریزم اینڈ کلچرل افیئرز، منسٹر آف ایجوکیشن سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، ڈپٹی منسٹر آف ایجوکیشن سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، منسٹر آف فارن افیئرز، منسٹر آف انٹرنل افیئرز، ڈپٹی منسٹر آف ٹریڈ، وزیر اعلیٰ ایسٹرن ریجن، وزیر اعلیٰ ساؤتھ ریجن، ڈسٹرکٹ آفیسر آف نیشنل الیکٹورل کمشنر، ریجنل کوآرڈینیٹر فار پولیٹیکل افیئرز ساؤتھ

،چیئر مین سیرالیون روڈ اتھارٹی، جنرل سیکرٹری آف رولنگ پارٹی، نیشنل آرگنائزنگ سیکرٹری رولنگ پارٹی، چیئر مین رولنگ پارٹی BO ڈسٹرکٹ، چیئر مین نیٹ کام ،سابقہ نیشنل چیئر مین اپوزیشن پارٹی SLPP ، ،ممبرز آف پارلیمنٹ، ،وائس چانسلر اینڈ پرنسپل جالا یونیورسٹی، ہائی کورٹ کی جج مسز کمارا، میئر Bo ٹاؤن سٹی کونسل، ایکٹنگ میئر فری ٹاؤن سٹی کونسل، ڈپٹی میئر کینما ٹاؤن، چیئر مین ڈسٹرکٹ کونسل Bo ٹاؤن، چیئر مین ڈسٹرکٹ کونسل کینما ٹاؤن، کونسل ممبرز آف کینما ٹاؤن، ،نیشنل چیئر مین سیرالیون ٹیچرز یونین، نیشنل چیف آف فائرفورس، نیشنل چیف آف امیگریشن، نیشنل ہیڈ آف پیراماؤنٹ چیفس کونسل ،ڈپٹی ڈائریکٹر آف ایجوکیشن پورٹ لوکو ڈسٹرکٹ، ڈپٹی ڈائریکٹر آف ایجوکیشن BO ڈسٹرکٹ، ڈپٹی ڈائریکٹر آف ایجوکیشن کینیما ڈسٹرکٹ، ڈپٹی ڈائریکٹر آف ایجوکیشن مبورکا ڈسٹرکٹ، ،نیشنل پریزیڈنٹ آف اسلامک ویمن آرگنائزیشن، باؤسا نیشنل پریزیڈنٹ، جنرل مینیجر فری ٹاؤن انٹرنیشنل ائیر پورٹ، ریسرچ آفیسر N C D نارتھ مکینی ڈسٹرکٹ، نیشنل ڈائریکٹر آف رین بو فیملی پروگرام، ڈسٹرکٹ چیئر مین چائلڈ ویلفیئر، سابق چیئر مین انٹر ریلجس کونسل بشپ Humper، ڈائریکٹر آف مائنز، چیئر مین آف پیراماؤنٹ چیف ان پارلیمنٹ، peace corps امریکن آرگنائیزیشن کے 7 نمائندے، 33 پیراماؤنٹ چیفس، 16 قبائلی سردار، 29 سیکشن چیفس ، چیف امام آف ناردرن ڈسٹرکٹ، چیف امام Bo ٹاؤن، چیفڈم چیف امامز، نیشنل جنرل سیکرٹری کونسل آف امامز، نیشنل جنرل سیکرٹری یونیورسل پیس فیڈریشن، بزنس مین، بینک مینیجرز، کے علاوہ گورنمنٹ افسران اور مختلف طبقہ ہائے فکر کے معزز افراد نے شرکت کی۔ اسی طرح جماعت احمدیہ لائبیریا اور جماعت احمدیہ گنی کناکری کے وفود بھی شامل تھے۔

جلسہ سالانہ کے افتتاحی اجلاس میں درج ذیل مہمانوں نے صدر مملکت کی موجودگی میں خطاب کیا اور Good Will Messages دئے۔

1۔ منسٹر آف پولیٹیکل اینڈ پبلک افیئرز آنرایبل ''الفا کانو 2۔ میئر آف ''بو'' ٹاؤن 3۔ منسٹر آف سوشل اینڈ ریلجس افیئرز 4۔ ڈاکٹر صالح ابراہیم کمارا لیکچرار ملٹی مگائے کالج 5۔ چیف امام آف سنٹرل مسجد فری ٹاؤن الحاج شیخ تیجان سلاہ 6۔ نمائندہ عیسائی مذہب بشپ ہمپر Humper 7۔ سیرالیون پیپلز پارٹی کے سابق نیشنل چیئر مین Alhaji U N S Jah 8۔ نیشنل سیکرٹری جنرل آف امامز کونسل سیرالیون مسٹر الحاجی مدنی کابا کمارا

صدر مملکت کی تقریر:۔

صدر مملکت سیرالیون HIS EXCELLENCY HON.DR. ERNEST BAI KOROMA نے جماعت احمدیہ سیرالیون کے 51 ویں جلسہ سالانہ کے موقعہ پر اپنے خطاب میں کہا کہ۔

میں جماعت احمدیہ کے 51ویں جلسہ سالانہ کے انعقاد پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ اپنی طرف سے اور اپنی قوم کی طرف سے مشکور ہوں کہ جماعت احمدیہ سیرالیون نے صحت، انرجی اور تعلیمی میدانوں میں غیر معمولی خدمات سرانجام دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 1937 سے ملک کے ہر حصہ میں سکول کھول رکھے ہیں ہے۔ جماعت احمدیہ کے سکولوں کے تعلیم یافتہ افراد اعلیٰ حکومتی عہدوں پر فائز ہیں جیسے ملک کے نائب صدر، منسٹر، ایمبیسیڈر، ڈاکٹر، پرنسپل، پروفیسر وغیرہ۔

یہ جماعت احمدیہ کی ملک وقوم کی ترقی میں انتھک محنت کا نتیجہ ہے۔

صدر مملکت نے کہا کہ میں بہت خوش ہوں کہ جماعت احمدیہ کے لوگ صحیح طریق پر پورے ملک میں امن قائم کرنے اور ترقی کے مختلف طریق اپنانے پر صف اول کا کردار ادا کر رہے ہیں۔

قومی لحاظ سے اگر ہم اپنے رویوں میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں تو ہمیں جماعت احمدیہ کا ماٹو LOVE FOR ALL HATRED FOR NONE اپنانا ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ جتنی بھی باتیں میں نے یہاں کی ہیں جماعت احمدیہ ان تمام باتوں کی مثال آپ ہے۔ اور پہلے سے ہی لوگوں کی تربیت کیلئے منصوبہ بندی کر چکی ہوتی ہے۔

صدر مملکت نے احمدیہ مسلم ریڈیو کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ احمدیہ مسلم ریڈیو بھی اسلام کی پر امن حقیقی تعلیم پیش کر رہا ہے۔ ہم جماعت احمدیہ کو اس پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ہم اس بات پر فخر کرتے ہیں کہ ہمارے ملک میں مذہبی بھائی چارے کے علاوہ قومی یک جہتی کیلئے بھی احباب جماعت غیر معمولی کردار ادا کر رہے ہیں اور ہم امید کرتے ہیں کہ اسی طرح جماعت احمدیہ حکومت کے ساتھ قدم بقدم ملک کی ترقی کی طرف بڑھنے میں مدد کرتی رہے گی۔

آنمحترم کی خدمت میں دعا کی عاجزانہ درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ کو ترقیات سے نوازتا چلا جائے اور نیک نامی میں اضافہ فرماتا رہے۔ آمین

والسلام

خاکسار

امیر جماعت احمدیہ سیرالیون